30/06/2025

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ **اعجازاہ اختر** سے خبریں سُنئے

من کی بات

وزیراعظم نریندرمودی نے زور دے کر کہاہے کہ صحت سے لے کر سماجی تحفظ تک ملک ہر شعبے میں صد فی صد تکمیل کے احساس کے ساتھ آگے بڑھ رہا ہے۔ آکاشوانی پر 'من کی بات' پروگرام میں مذہبی یاتراو

ں کے بارے میں اظہار خیال کرتے ہوئے وزیراعظم نے کیلاش مانسروور یاترا، امرناتھ یاتر ا اور جگن ناتھ رتھ یاترا کا ذ ذکر کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ یہ یاترائیں "ایک بھارت، شریشٹھ بھارت" کے جذبے کی عکاسی کرتی ہیں۔

----v/o------

BJP

بھارتیہ جنتا پارٹی کی جانب سے جموں کشمیر کے سبھی اضلاع میں من کی بات سننے کے لئے چھ ہزار بوتھ قائم کئے گئے تھے جن میں پارٹی کے سینئر لیڈروں کے ساتھ ساتھ ورکروں کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی ۔ سچیت گڑھ جموں میں منعقد کئے گئے اسی طرح کے ایک پروگرام میں بی جے پی جموں کشمیر کے صدر ست شرما اور مقامی ایم ایل اے پروفیسر گورو رام بھگت کے علاوہ دیگر کئی لیڈروں نے وزیر اعظم کا پروگرام سنا ۔ اس موقعہ پر ست شرما نے کہا کہ من کی بات محض ایک ریڈیو پروگرام نہیں بلکہ یہ ایک قومی تحریک ہے جس نے ملک کے لوگوں کو با اختیار بنانے میں اہم رول ادا کیا ہے ۔ پارٹی لیڈروں نے اس موقعہ پر ڈاکٹر شیاما پرساد مکھرجی کو بھی خراج عقیدت ادا کیا ۔

لیفٹیننٹ گورنر

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے سرینگر میں اُن افراد کے لواحقین کے ساتھ ملاقات کی جو گزشتہ تین دہائیوں کے دوران ملی ٹنٹوں کے ہاتھوں مارے گئے ۔لیفٹیننٹ گورنر نے دہشت پسندی کا شکار ہوئے افراد کے اہل خانہ سے کہا جو سرکاری ملازمتوں کے حقدار ہیں، کہ اپنے کیس متعلقہ ڈپٹی کمشنروں کے پاس جمع کرائیں۔

جاوید احمد رانا

جنگلات و ماحولیات کے وزیر جاوید احمد رانا نے شری امر ناتھ جی یاترا کے احسن انعقاد کے لئے کئے گئے انتظامات کا جائزہ لینے کی خاطر بال تل کا دورہ کیا ۔ انہوں نے منی گام ، بال تل بنیادی کیمپ اور دومیل میں یاتریوں کے لئے دستیاب کی جا رہی سہولیات کے بارے میں تفصیلی جانکاری حاصل کی ۔ جاوید احمد رانا نے یاترا کے راستوں پر پینے کے پانی کی معقول سہولیات دستیاب رکھنے کی ہدایت دی ۔ انہوں نے مختلف محکموں اور متعلقہ ایجنسیوں کے درمیان قریبی تال میل

کی ضرورت پر بھی زور دیا اور کہا کہ عمر عبداللہ کی سربراہی والی سرکار کامیاب اور پُر امن یاترا کو یقینی بنانے کے لئے وعدہ بند ہے ۔ گاندربل کے ڈپٹی کمشنر جتن کشور اور دیگر افسران بھی ان کے ہمراہ تھے ۔

محرم

آج محرم الحرام کے مقدس مہینے کی چوتھی تاریخ ہے۔ یہ وہ مہینہ ہے جس میں نواسہ

رسول ﷺ حضرت امام حسین ؑ اور انکے جان نثار ساتھیوں نے کر بلا کے میدان میں اسلام اور سچائی کا دفاع کرتے ہوئے اپنی جانیںقربان کیں ۔ اور اس طرح شہدائے کر بلا نے اپنے مقدس خون سے اسلام کے باغ کو سینچا ۔کربلا کے شہیدوں کو خراج عقیدت ادا کرنے کی غرض سے دنیا بھر میں عزاداری کے جلوسوں اور مرثیہ خوانی کی مجالس کا انعقاد جا ری ہے۔ وادی میں بھی عاشقان حسین ؑ عزاداری کی مجلسوں کا انعقاد کر کے شہدائے کربلا کے تئیں اپنی عقیدت اور محبت کا اظہار کرتے ہیں ۔

نشریات

آکاشوانی نے شری امر ناتھ جی یاترا کے سلسلے میں خصوصی نشریات کا اہتمام کیا ہے ۔ نشریات کے دوران یاتریوں اور سامعین تک بھکتی سنگیت ، بھجن اور یاترا سے متعلق خصوصی بات چیت کے علاوہ یاترا کے راستوں اور موسم سے متعلق ضروری جانکاری پہنچائی جائے گی ۔ یہ خصوصی نشریات آکاشوانی کے News On AIR ایپ ، 103.7 بینڈ FM ، DTH پلیٹ فارم ، WAVES OTT اور دور درشن کی آرادھنا چینل پر سنی جا سکیں گی ۔ نشریات کا آغاز تین جولائی سے ہو گا اور یہ 9 اگست تک جاری رہیں گی ۔اس دوران یہ خصوصی پروگرام صبح سات بجے سے شام چھ بجے تک نشر کئے جائیں گے ۔

اطلاع

پروگرام شہر شہر منظر آکاشوانی سرینگر سے ہر جمعرات کو صبح ساڑھے نو بجے نشر ہوتا ہے ۔اگر آپ اپنے اپنے علاقونکے مسائل اس پروگرام کے ذریعے اجا گر کروانا چاہتے ہوں تو آپ ہر سوموار اور منگلوار کو صبح ساڑھے دس بجے سے بارہ بجے تک فون نمبر0194-2452019پر کال کرکے اپنے مسائل ریکارڈ کرواسکتے ہیں۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 22 اعشاریہ 7 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 24 اعشاریہ 3 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ